www.sgbauonline.com

AU-51

B.Sc. (Part—I) (Semester—II) Examination
URDU (New)
(Compulsory)

Time : Two Hours] [Maximum Marks : 40

سوال نمبر١۔ مندرجہ ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جوابات لکھیے۔ 8

١۔ شاہ ہمورابی کے قانون کے بارے میں معلومات دیجیے۔

٢۔ قومی یک جہتی کے فروغ میں اردو اخبارات کا کیا حصہ ہے؟ لکھیے۔

٣۔ قومی یک جہتی کے فروغ میں اردو افسانوں کا کردار بیان کیجیے۔

٤۔ ریڈیو کی ایجاد صنعت کاروں کے لئے کس طرح مفید ثابت ہوئی؟ لکھیے۔

سوال نمبر٢۔ مندرجہ ذیل میں سے دو بندوں کی تشریح کیجیے۔ 8

١۔ تجلی زار عرفاں، شاہ کارے ابن آدم ہے
سر فطرت عمل کی بارگاہِ حسن میں خم ہے
تمدن منعکس ہو جس میں ایسا ساغر جم ہے
جمال زندگی رہن جلال عظم گوتم ہے
امیدِ جانِ تازہ پھر دل بسمل میں آئی تھی
تلاش امن میں تہذیب اس منزل میں آئی تھی!

٢۔ دیکھتی پھرتی ہے ایک ایک کا منھ خاموشی
جانے کیا بات ہے؟ شرمندہ ہے انداز خطاب
دربدر ٹھوکریں کھاتے ہوئے پھرتے ہیں سوال
اور مجرم کی طرح ان سے گریزاں ہے جواب
سرکشی! پھر میں تجھے آج صدا دیتا ہوں
میں تیرا شاعرِ آوارہ و بے باک و خراب

www.sgbauonline.com

۳۔ بم گھروں پر گریں کہ سرحد پر
روح تعمیر زخم کھاتی ہے
کھیت اپنے جلیں کہ اوروں کے
زیست فاقوں سے تلملاتی ہے

۴۔ جنگ کے اور بھی تو میداں ہیں
خون بہانا ہی کیا ضروری ہے
گھر کی تاریکیاں مٹانے کو
گھر جلانا ہی کیا ضروری ہے

سوال نمبر۳۔ مندرجہ ذیل میں سے صرف دو کے جوابات لکھیے۔ 8

۱۔ ہندوستانی لمبے سفر کی تیاری کس طرح کرتے ہیں؟

۲۔ ٹوکیو سے کیوٹو جاتے وقت کون سے مناظر دیکھنے کو ملتے ہیں؟

۳۔ انگلستان کے ساحل سے فرانس کے ساحل تک جہاز پر مصنف کو کس پریشانی سے دوچار ہونا پڑا؟

۴۔ ''وارسائی'' کی تاریخی اہمیت بیان کیجیے۔

سوال نمبر۴۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا مفصل جواب دیجیے۔ 8

۱۔ نورخاں کی مہمان نوازی بیان کیجیے۔

۲۔ مولانا ابوالکلام آزاد نے جنگ آزادی میں کس طرح حصہ لیا؟

سوال نمبر۵۔ (الف) خیال کی توسیع کیجیے۔ 4

علم ایک لازوال دولت ہے

یا

عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی

(ب) درج ذیل محاوروں میں سے چار محاوروں کا جملوں میں استعمال کیجیے۔ 4

۱۔ کلیجہ منھ کو آنا ۲۔ قلع قمع کرنا ۳۔ برہم ہونا

۴۔ لہو کے گھونٹ پینا ۵۔ رنگ میں رنگ جانا ۶۔ جان پر بن آنا

۷۔ تماشا دکھانا ۸۔ معاملہ رفع دفع کرنا

www.sgbaonline.com